# 3996 ـ کافرکو حاشیہ پرترجمہ کیاگیا قرآن مجید دینے کا حکم

**سوال**

کیا کفارکو وہ قرآن کریم جس کے حاشیہ پر ترجمہ کیا گیا ہے اور قرآنی نص عربی میں ہو دعوۃ وتبلیغ کی غرض دیا جاسکتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا :

کافرکو وہ قرآن کریم دینا جس میں ترجمہ و تفسیر اور قرآنی نص ایک ہی حجم میں ہو اس کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

اللہ تعالی آپ کو سلامت رکھے _ علماء کے ہاں معروف یہ ہے کہ قرآن مجید پر کافر کا مسلط ہونا جائز نہیں لیکن کافرکو دعوت وتبلیغ کرنی چاہیے – اگروہ کافر سچا ہو اورقرآن کریم کی معرفت چاہتا ہو۔ تو اسے لائیبریری آنے کی دعوت دی جائے چاہے وہ لائبریری گھر کی ہو یا پھر عمومی ہو تو اسے اپنے سامنے قرآن مجید دکھائے ۔ انتہی ۔

اوراگر قرآنی نص کے بغیر صرف ترجمہ کا نسخہ مل جائے تو وہ کافر کو دینے میں کوئ حرج نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .